فِيْ اَمَانِ اللّٰهِ وَفِيْ عِصْمَةِ اللّٰهِ وَفِيْ كَنَفِ اللّٰهِ وَفِيْ اَمْنِ اللّٰهِ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَبِحَ…
حٰمٓ عٓسٓقٓ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ بِسْمِ اللّٰهِ بَابُنَا تَبَارَكَ حِيْطَانُنَا يٰسٓ سَقْفُنَا
كٓهٰيٰعٓصٓ كِفَايَتُنَا حٰمٓ عٓسٓقٓ حِمَايَتُنَا فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا
اللّٰهُ حِصَارُهٗ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ قُفْلُهٗ وَمِسْمَارُهٗ وَعَلِيٌّ وَلِيُّ اللّٰهِ بَابُهٗ ۝

دعائے حل مشکلات

ایں دعا را در وقتِ شدت یک ہفتہ در عقبِ ہر نماز یک مرتبہ بخواند فرج حاصل گردد۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِلٰهِيْ بِحَقِّ الْخَمْسَةِ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِكَ وَعَلِيٍّ وَصِيِّ رَسُوْلِكَ وَ
فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُوْلِكَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ سِبْطَيْ رَسُوْلِكَ وَبِعِزَّةِ جَلَالِكَ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ
اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَجْعَلَ لِيْ مِمَّا اَنَا فِيْهِ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا
بِرَحْمَتِكَ الَّتِيْ لَا تَضِيْقُ مِنْ شَيْءٍ وَّبِقُدْرَتِكَ الَّتِيْ لَا يَتَلَكَّأُ مِنْ اِجَابَتِهَا
شَيْءٌ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ وسہ مرتبہ بگوید تضاءقی تنفرج

www.khwajalateefansari.com
Rekhta.org

اعمال ماہِ محرّم الحرام

دعائے روزِ عاشورا بجہت سلامتی سال

ایں را دہ بار بخواند۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ الْحُسَیْنِ وَجَدِّہٖ وَاَبِیْہِ وَاُمِّہٖ وَاَخِیْہِ وَ [illegible]
[illegible] عَنِّیْ مَا اَنَا فِیْہِ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۝

برائے سلامتی سال

ایں دعا را باید کہ بروز عاشورہ دہ بار بخواند:۔
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّسَلِّمْ عَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ سُبْحَانَ
اللّٰہِ مِلْأَ الْمِیْزَانِ وَمُنْتَھَی الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضَا وَزِنَةَ الْعَرْشِ وَسَعَةَ الْكُرْسِیِّ لَا
مَلْجَاً وَلَا مَنْجَا مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہِ سُبْحَانَ اللّٰہِ عَدَدَ الشَّفْعِ وَالْوَتْرِ وَعَدَدَ كَلِمَاتِہٖ وَلَا حَوْلَ
وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَھُوَ حَسْبِیْ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ وَنِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ
النَّصِیْرُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلَّمَ عَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَاقْضِ
حَاجَاتِیْ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَطَوِّلْ عُمْرِیْ فِیْ طَاعَتِكَ وَرِضَاكَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۝

اعمال شبِ عاشورا

اس شب، چار رکعت نماز بہ دو سلام بجا لائے اور ہر رکعت میں سورۃ الحمد ایک مرتبہ اور سورۃ قل ہو اللہ پچاس مرتبہ پڑھے۔ بروایت دیگر چار رکعت نماز دو دو کرکے اس طریق سے بجا لائے کہ پہلی رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد دس مرتبہ آیۃ الکرسی دوسری رکعت میں دس مرتبہ قل ہو اللہ تیسری رکعت میں دس مرتبہ سورۃ قل اعوذ برب الفلق اور چوتھی رکعت میں دس مرتبہ سورہ قل اعوذ برب الناس پڑھے اور فارغ ہونے کے بعد سو مرتبہ سورہ قل ہو اللہ پڑھے تو خدا وندِ عالم اس کو ثواب عظیم عطا فرمائیگا۔

اعمال روز عاشورا

چاہیے کہ روز عاشورا بغرض حزن و ملال جمیع مفطرات سے تا وقت عصر باز رہے لیکن نیت روزے کی نہ کرے اور

www.khwajalateefansari.com
RekhtaDownload.com

تمام روز حزن و ملال و اقامت شعائرِ مصیبت میں گزارے اور کوئی کام دنیا کا نہ کرے اور جب کوئی مومن دوسرے مومن سے ملے تو یہ کہے :-

عَظَّمَ اللّٰهُ اُجُوْرَنَا اُجُوْرَكُمْ بِمُصَابِنَا بِالْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَجَعَلَنَا وَاِيَّاكُمْ مِنَ الطَّالِبِيْنَ لِثَارِهٖ مَعَ وَلِيِّهٖ الْاِمَامِ الْمَهْدِيِّ مِنْ اٰلِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ -[1]

اور چاہیے کہ روزِ عاشورا ہزار مرتبہ کہے اَللّٰهُمَّ الْعَنْ قَتَلَةَ الْحُسَيْنِ (عَلَيْهِ السَّلَامُ وَاَصْحَابِهٖ)[2]

اور زیارت جنابِ سید الشہداء علیہ السلام کی بجا لائے اور کیفیت زیارت کی یہ ہے کہ اول سلام مختصر پڑھے مثلاً اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

پھر دو رکعت نماز زیارت پڑھے اور اس کے بعد پھر یہ زیارت پڑھے :-

زیارت

این را در آخر روز بخواند - اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اٰدَمَ صِفْوَةِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ نُوْحٍ نَبِيِّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُوْسٰى كَلِيْمِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ عِيْسٰى رُوْحِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُحَمَّدٍ حَبِيْبِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ عَلِيٍّ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ الْحَسَنِ الشَّهِيْدِ سِبْطِ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ الْبَشِيْرِ النَّذِيْرِ وَابْنَ سَيِّدِ الْوَصِيِّيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَاۤءِ سَيِّدَةِ نِسَاۤءِ الْعَالَمِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خِيَرَةَ اللّٰهِ وَابْنَ خِيَرَتِهٖ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ثَارَ اللّٰهِ وَابْنَ ثَارِهٖ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْوِتْرُ الْمَوْتُوْرُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْاِمَامُ الْهَادِي الزَّكِيُّ وَعَلٰى اَرْوَاحٍ حَلَّتْ بِفِنَاۤئِكَ وَاَقَامَتْ فِيْ جِوَارِكَ وَوَفَدَتْ مَعَ زُوَّارِكَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ مِنِّيْ مَا بَقِيْتُ وَبَقِيَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ فَلَقَدْ عَظُمَتْ بِكَ الرَّزِيَّةُ وَجَلَّ الْمُصَابُ فِي الْمُؤْمِنِيْنَ وَفِي الْمُسْلِمِيْنَ وَفِيْ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ اَجْمَعِيْنَ وَفِيْ سُكَّانِ الْاَرَضِيْنَ فَاِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ وَصَلَوٰتُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ وَتَحِيَّاتُهٗ عَلَيْكَ وَعَلٰى اٰبَاۤئِكَ الطَّيِّبِيْنَ الْمُنْتَجَبِيْنَ وَعَلٰى ذَرَارِيْهِمُ الْهُدَاةِ الْمَهْدِيِّيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَوْلَايَ

---

[1] زیادہ کرے خدا ہمارے ثواب کو اور تمہارے ثواب کو ہماری مصیبت زیادہ ہونے کی وجہ سے حسین علیہ السلام کے ساتھ اور قرار دے ہمیں اور تمہیں ان لوگوں سے جو آپ کے خون کا بدلہ لیں گے آپ کے وارث امام مہدیؑ کے ساتھ جو اولادِ رسولؐ سے ہوں گے ۔

[2] خداوندا لعنت کر قاتلانِ حسین علیہ السلام و قاتلان کے ساتھیوں پر ۔

وَعَلَيْهِمْ وَعَلٰى رُوحِكَ وَعَلٰى اَرْوَاحِهِمْ وَعَلٰى تُرْبَتِكَ وَعَلٰى تُرْبَتِهِمْ اَللّٰهُمَّ لَقِّهِمْ رَحْمَةً
وَرِضْوَانًا وَرَوْحًا وَرَيْحَانًا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَوْلَايَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ يَا ابْنَ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَابْنَ
سَيِّدِ الْوَصِيِّيْنَ وَيَا ابْنَ سَيِّدَةِ نِسَاءِ الْعَالَمِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَهِيْدُ يَا ابْنَ الشَّهِيْدِ
يَا اَخَا الشَّهِيْدِ يَا اَبَا الشُّهَدَاءِ اَللّٰهُمَّ بَلِّغْهُ عَنِّيْ فِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ وَفِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وَهٰذَا
الْوَقْتِ وَفِيْ كُلِّ وَقْتٍ تَحِيَّةً كَثِيْرَةً وَسَلَامًا سَلَامُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ
يَا ابْنَ سَيِّدِ الْعَالَمِيْنَ وَعَلَى الْمُسْتَشْهَدِيْنَ مَعَكَ سَلَامًا مُتَّصِلًا مَا اتَّصَلَ اللَّيْلُ وَ
النَّهَارُ اَلسَّلَامُ عَلَى الْحُسَيْنِ ابْنِ عَلِيٍّ الشَّهِيْدِ اَلسَّلَامُ عَلٰى عَبَّاسِ ابْنِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ الشَّهِيْدِ
اَلسَّلَامُ عَلَى الشُّهَدَاءِ مِنْ وُلْدِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَى الشُّهَدَاءِ مِنْ وُلْدِ الْحَسَنِ
اَلسَّلَامُ عَلَى الشُّهَدَاءِ مِنْ وُلْدِ جَعْفَرٍ وَعَقِيْلٍ اَلسَّلَامُ عَلٰى كُلِّ مُسْتَشْهَدٍ مَعَهُمْ مِنَ
الْمُؤْمِنِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَلِّغْهُمْ عَنِّيْ تَحِيَّةً كَثِيْرَةً وَّسَلَامًا
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَكَ الْعَزَاءَ فِيْ وَلَدِكَ الْحُسَيْنِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا
اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَكَ الْعَزَاءَ فِيْ وَلَدِكَ الْحُسَيْنِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا مُحَمَّدِ نِ
الْحَسَنِ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَكَ الْعَزَاءَ فِيْ اَخِيْكَ الْحُسَيْنِ يَا مَوْلَايَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اَنَا ضَيْفُ اللّٰهِ وَضَيْفُكَ
وَجَارُ اللّٰهِ وَجَارُكَ وَلِكُلِّ ضَيْفٍ وَّجَارٍ قِرًى وَّقِرَايَ فِيْ هٰذَا الْوَقْتِ اَنْ تَسْئَلَ اللّٰهَ سُبْحَانَهٗ
وَتَعَالٰى اَنْ يَّرْزُقَنِيْ فَكَاكَ رَقَبَتِيْ مِنَ النَّارِ اِنَّهٗ سَمِيْعُ الدُّعَاءِ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ۔

بعد اس کے پھر دو رکعت نماز زیارت پڑھے پھر سو مرتبہ کہے :-

اَللّٰهُمَّ الْعَنْ اَوَّلَ ظَالِمٍ ظَلَمَ حَقَّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاٰخِرَ تَابِعٍ لَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ اَللّٰهُمَّ
الْعَنِ الْعِصَابَةَ الَّتِيْ جَاهَدَتِ الْحُسَيْنَ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَشَايَعَتْ وَبَايَعَتْ وَتَابَعَتْ
عَلٰى قَتْلِهٖ اَللّٰهُمَّ الْعَنْهُمْ جَمِيْعًا ۔ بعد اس کے سو مرتبہ کہے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ وَعَلَى الْاَرْوَاحِ الَّتِيْ حَلَّتْ بِفِنَائِكَ وَاَنَاخَتْ بِرَحْلِكَ
عَلَيْكَ مِنِّيْ سَلَامُ اللّٰهِ اَبَدًا مَا بَقِيْتُ وَبَقِيَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَلَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اٰخِرَ الْعَهْدِ
مِنِّيْ لِزِيَارَتِكَ اَلسَّلَامُ عَلَى الْحُسَيْنِ وَعَلٰى عَلِيِّ ابْنِ الْحُسَيْنِ وَعَلٰى اَوْلَادِ الْحُسَيْنِ
وَعَلٰى اَصْحَابِ الْحُسَيْنِ ۔ بعد اس کے کہے

اَللّٰهُمَّ خُصَّ اَنْتَ اَوَّلَ ظَالِمٍ بِاللَّعْنِ مِنِّيْ وَابْدَأْ بِهٖ اَوَّلًا ثُمَّ الثَّانِيَ ثُمَّ الثَّالِثَ
ثُمَّ الرَّابِعَ اَللّٰهُمَّ الْعَنْ يَزِيْدَ ابْنَ مُعَاوِيَةَ خَامِسًا وَالْعَنْ عُبَيْدَ اللّٰهِ ابْنِ

زِیَادٍ وَّابْنَ مَرْجَانَۃَ وَعُمَرَ ابْنَ سَعْدٍ وَ شِمْرًا وَّاٰلَ اَبِیْ سُفْیَانَ وَاٰلَ زِیَادٍ وَّاٰلَ مَرْوَانَ وَبَنِیْ اُمَیَّۃَ قَاطِبَۃً اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ ۔ بعد اس کے سجدے میں جا کر کہے :۔

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ حَمْدَ الشَّاکِرِیْنَ لَکَ عَلٰی مُصَابِھِمْ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی عَظِیْمِ رَزِیَّتِیْ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ شَفَاعَۃَ الْحُسَیْنِ عَلَیْہِ السَّلَامُ یَوْمَ الْوُرُوْدِ وَثَبِّتْ لِیْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَکَ مَعَ الْحُسَیْنِ وَاَوْلَادِ الْحُسَیْنِ وَاَصْحَابِ الْحُسَیْنِ الَّذِیْنَ بَذَلُوْا مُھَجَھُمْ دُوْنَ الْحُسَیْنِ عَلَیْہِ السَّلَامُ ۔

بعد اس کے پھر دو رکعت نماز زیارت کی پڑھے ۔ پھر جس جگہ کھڑا ہو وہاں سے چند قدم آگے بڑھے اور کہے :۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ رِضًا بِقَضَائِہٖ وَتَسْلِیْمًا لِاَمْرِہٖ اور پھر پیچھے ہٹے اور یہی کہے پھر بڑھے اور یہی کہے اس طور سے سات مرتبہ کرے ۔

اور چاہیے کہ آخر وقت جب پانی سے فاقہ شکنی کرے تو ایسا کھانا کھائے جو اہلِ مصیبت کے لائق ہو اور طعام لذیذ اور پر تکلف سے پرہیز کرے اور دعائے سلامتی سال کا روز عاشورا پڑھنا مناسب نہیں ہے ۔ یہ دعائیں مخالفین کی ہیں ، انھوں نے ان کو ایجاد کیا ہے اس غرض سے کہ وہ روز عاشورا کو روز زین و برکت جانتے ہیں اور اس دعا کے پڑھنے سے درازیٔ عمر کے خواہاں ہوتے ہیں ۔

اس احساس کے پیش نظر کہ ملت جعفریہ کا پاکستان بھر میں کوئی بھی تو ادارہ نہیں جو مومنین کو حج و زیارات کے سلسلے میں معلومات فراہم کرتا ہو تاکہ وہ آسانی سے اس فریضے کو پایۂ تکمیل تک پہنچا سکیں ۔ اگر آپ مشہدِ مقدس ، روضہ معصومہ قم ، کاظمین سامرہ ، کربلائے معلیٰ ، نجفِ اشرف و کوفہ کی زیارات کے متمنی ہیں ——— تو ہمیں سعادت کا موقع بخشیں ۔

زیارات

نمازِ عیدین کے بعد پاکستان سے اجتماعی صورت میں روانہ ہو کر پانچ محرم تک کربلائے معلیٰ میں عشرہ محرم منانے میں آپ کی ہر ممکن مدد کی جائے گی ۔

یہ ضروری نہیں کہ آپ کے پاس پانچصد ۵۰۰ روپیہ ہی ہو تو آپ زیارات کر سکتے ہیں ، ہمارے منصوبہ پر عمل پیرا ہو کر ایکسو ساٹھ ۱۶۰ روپے جمع کروا کر بھی مستفیض ہو سکتے ہیں ۔

جوابی لفافہ بھیج کر معلومات حاصل کریں

مینیجر ادارہ زیاراتِ مقاماتِ مقدسہ پاک نگر اکرم روڈ لاہور

مولانا غلام رسول کھچی صاحب

داستانِ تقویم

(CALENDAR)

یہاں داستانِ تقویم سے مراد سن عیسوی ہے جو کہ عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت سے شروع ہوتی ہے لیکن یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت سے پہلے رائج تھا۔ یہ سن قدیم رومن لوگوں کا تھا، البتہ مہینوں میں یہ ترتیب نہ تھی جو اس وقت سن عیسوی میں ہے ۵۳۸ء میں اس سن کو عیسوی قرار دیا گیا اور پہلی دفعہ خطوط اور سرکاری کاغذات پر تاریخ درج ہونے لگی۔

اس سن عیسوی کو ایک یونانی محقق نے آغاز کیا تھا۔ اپنے تحقیقی نکتۂ نظر سے اور تدقیقی زاویۂ نگاہ سے عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت سے تطبیق کی۔ لیکن اس میں نارسائی اور سقم یہ ہے کہ نیا سال جنوری سے شروع ہوتا ہے اور عیسائی دنیا میں عید میلادالمسیح ۲۵ر دسمبر کو منائی جاتی ہے۔ بہرحال ۱۷۵۲ء تک کچھ مہینوں وغیرہ میں اختلاف رہا لیکن اس کے بعد یورپ اور امریکہ میں سال کا آغاز اسی ماہ جنوری سے ہوا۔

قدیم یونان اور فرانس والوں کا ہر مہینہ ۳۰ یوم پر مشتمل ہوتا تھا۔ ہر ماہ کو دس دن کے حصص میں بانٹا ہوا تھا۔ ماہ کی تاریخ کا تعین دھاکے (DECANATE) کے لحاظ سے معرض وجود میں آتا تھا، مثلاً انھوں نے ۱۵ یا ۲۳ تاریخ بتانی ہوتی تو وہ کہتے کہ دوسرے دھاکے کا پانچواں دن یا تیسرے دھاکے کا تیسرا دن۔

جنوری - سال کا اول ماہ، روم کے دیوتا جینس (GENESIS) کے نام پہ رکھا گیا۔ نوماپومپس (NOMAPOMPUS) نے دس ماہ کے کیلنڈر میں جنوری و فروری کا اضافہ کرکے بارہ ماہ کا کیلنڈر بنا دیا اس کے معنی اوّل کے ہیں۔

فروری - یہ سال کا دوسرا ماہ ہے۔ فروری کا مہینہ (BULENAW) بولینا سے بنایا گیا ہے اس کے معنی پاکیزہ کرنے کے ہیں۔

مارچ - یہ سال کا تیسرا مہینہ ہے۔ پرانے رومن کیلنڈر میں یہ پہلا مہینہ تھا۔ اسے مارٹیس کہتے تھے جب جولیس سیزر نے اسے درست کیا اس وقت سے یہ سال کا تیسرا مہینہ بن گیا۔ اس کا نام مارس (MARS) دیوتا کے نام پہ رکھا گیا۔ اسے جنگ کا دیوتا سمجھتے تھے۔

اپریل - یہ سال کا چوتھا مہینہ ہے۔ لاطینی لفظ اپریل (APRIL) سے ماخوذ ہے جس کے معانی و مطالب کھلنے اور پھوٹنے کے ہیں۔ اس کا تعلق موسم بہار سے ہے۔

مئی - جولیس سیزر (JULIUS CAESAR) نے کیلنڈر کو جنوری سے شروع کیا اور مئی کے

مہینے کو پانچواں مہینہ قرار دیا۔ اس ماہ کے
متعلق کئی کہانیاں مشہور ہیں یہ مائیا MAYA
دیوی جو بہار کی دیوی ہے سے موسوم کیا جاتا ہے
لغوی معنی فریب نظر، فریب، زندگی اور
(MAY) کے معنی شباب، کلی، دوشیزہ
کے ہیں، لیکن کچھ مورخین کا خیال ہے کہ
مئی کا مخفف جو ایک لاطینی لفظ ہے۔
اس کے معنی پرانے لوگ ہیں۔

جون۔ سال کا چھٹا مہینہ ہے۔ رومن خیالات
کے مطابق یہ مہینہ روم کی دیوی جونو
(JUNO) کے نام پر رکھا گیا ہے۔ جو
جوپیٹر (JUPITER) دیوتا کی بیوی
ہے جس کے معانی سعادت اور نیک بختی
کے ہیں۔

جولائی۔ یہ سال کا ساتواں مہینہ ہے۔ جولیس سیزر
(JULIUS CEASAR) اس ماہ میں پیدا ہوا
تھا جب جولیس سیزر نے ۴۶ قبل مسیح میں
کیلنڈر میں تبدیلی کی۔ تو جس مہینہ میں پیدا ہوا
تھا اس کا نام اپنے نام پر رکھا۔ اس وقت
اس کا نام جولیس تھا جو رفتہ رفتہ صرف
جولائی رہ گیا۔

اگست۔ یہ سال کا آٹھواں مہینہ ہے رومن
کیلنڈر کے مطابق سال کا چھٹا مہینہ تھا۔
اس وقت اسے سکسٹس (SEXTUS)
کہا جاتا تھا۔ جس کے معنی چھٹا ہے آگسٹس
کے عہد میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت
ہوئی۔ ماہ اگست اسی آگسٹس کے نام پر
رکھا گیا۔ اگست (AUGUST) کے لفظی
معنی محترم، جلیل القدر کے ہیں اور ۱۹ اگست
۱۴ء میں آگسٹس نے وفات پائی۔

ستمبر۔ یہ سال کا نواں مہینہ ہے۔ پرانے رومن
کیلنڈر میں ساتواں مہینہ تھا۔ اس کا نام
لاطینی لفظ سیپٹم (SEPTEM) سے لیا
گیا ہے۔ جس کے لغوی معنی سات کے
ہیں۔ جولیس سیزر نے کیلنڈر کو تبدیل
کیا اور اس کو نویں مہینے کے درجے میں رکھا۔

اکتوبر۔ یہ دسواں مہینہ ہے۔ یہ نام لاطینی لفظ
اکٹو (OCTO) سے نکلا ہے۔ جس کے
معنی آٹھ کے ہیں۔ چنانچہ پرانے کیلنڈروں
میں یہ آٹھواں مہینہ تھا۔

نومبر۔ یہ سال کا گیارھواں مہینہ ہے۔ لاطینی
لفظ نوم (NOVEM) سے نکلا ہے۔ جس
کے معنی نو کے ہیں۔ چونکہ پرانے کیلنڈر
کے مطابق نواں ماہ تھا۔

دسمبر۔ سال کا یہ آخری مہینہ ہے۔ پہلے بھی
یہ آخری دسواں مہینہ تھا۔ ڈیسم (DECEM)
لاطینی لفظ ہے۔ جس کے معنی دس کے ہیں۔

انتقالِ پُرملال

حافظ سید ذوالفقار علی شاہ صاحب جلالپور جٹاں ضلع گجرات
کی اہلیہ مورخہ ۲ دسمبر بروز جمعہ انتقال فرما گئیں۔ دعا ہے کہ
اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ دے۔ مومنین،
مرحومہ کی روح کو ایصالِ ثواب کے لیے سورۂ فاتحہ تلاوت فرمائیں۔

www.khwajalateefansari.com
RekhtaDownload.com

شیخ نثار حسین کشمیری نجفِ اشرف

علم و عمل اور مذہبِ اسلام

مذاہبِ عالم میں اسلام ہی وہ واحد نظامِ حیات ہے کہ جس نے انسان کی اخروی زندگی کی فلاح کے ساتھ ساتھ اس کی دنیوی زندگی کی ترقی و تکمیل کی طرف بھی توجہ کی ہے اور تدریجاً انسان کو اپنی مختلف ذمہ داریاں اور فرائض انجام دینے میں رہبری و رہنمائی کی ہے۔ تاکہ نوعِ بشری کا ہر فرد حقیقی معنوں میں اشرف المخلوقات بننے کا اہل بن سکے اور اپنے خالق کو حقیقی معنوں میں خالق سمجھ کر اپنا معبود تسلیم کرے لیکن اس کے اس تمام عروج و فکری ارتقاء کی ابتدا، مذہبِ اسلام نے کہاں سے کی ہے، اس کی طرف قرآنِ کریم ان زریں الفاظ کے ذریعے سے اشارہ کرتا ہے۔ اِقْرَءْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ، خلق الانسان من علق، اقرء وربك الاکرم الذی علم بالقلم علم الانسان مالم یعلم۔

خداوندِ کریم آیاتِ مذکورہ کے ذریعے انسان کو اپنے مبدأ کی طرف متوجہ کرتے ہوئے تعلیم و تعلم کی عظمت و اہمیت سے آگاہ کرنا چاہتا ہے، کیونکہ تعلیم و تعلم ہی وہ واحد ذریعہ ہے جس سے انسان جہالت کے قعرِ مذلت سے نکل کر ترقی کے اعلیٰ مدارج تک پہنچ سکتا ہے۔ اور فکری ترقی و ارتقا، ہی وہ واحد وسیلہ ہے جو انسان کو باطل کی تاریکی مادیت کے اندھیرے اور جہالت کی ظلمت سے نکال کر حقیقت اور روحانیت کے اعلیٰ منازل سے روشناس کرا دیتا ہے۔ چنانچہ مذہبِ اسلام میں علم و عرفان کی اہمیت اس سے عیاں ہو جاتی ہے کہ اس مسئلہ کو خالقِ کائنات نے انسانیت کے سب سے عظیم رہبر نبیٔ عربیؐ پر پہلی وحی بنا کر بھیجا تاکہ آپ کی امت علم و عمل کے ذریعے شرف حاصل کر کے فخرِ امم بن سکے۔

اس عالمِ رنگ و بو میں انسان پر خالقِ کائنات کی نعمتوں میں سے علم ہی وہ یکتا و فرید نعمت ہے کہ جو انسان کو روحانی نابودی سے نجات دے کر ترقی اور ارتقاء کی اس بلند منزل تک پہنچا دیتی ہے کہ جہاں خالق و مخلوق کے درمیان تمام پردے چاک ہو جاتے ہیں اور فانی بندہ لافانی ذات کے ساتھ قرب حاصل کر کے ابدی سعادت اور سرمدی فلاح حاصل کر لیتا ہے اور علم ہی کی بدولت ایک ناچیز مخلوق پر کائنات کے رموز و اسرار کھل جاتے ہیں اور وہ خداوندِ کریم، رحیم لایزال کی قدرتِ باہرہ و عظمت و جلالت کا علانیہ طور پر مطالعہ و مشاہدہ کر کے حقیقی معنوں میں وحدانیت کا اقرار کر لیتا ہے۔

خلقتِ موجودات کا جہاں تک تعلق ہے منکرینِ اسلام کی یہی رائے ہے کہ کائنات کی تخلیق صرف اس

www.khwajalateefansari.com
Rekhtadownload.com

سے ہو کہ بنی نوع بشر تمام کائنات کے رموز میں علم و عرفان کے ذریعے غور و خوض کر کے موجدِ کائنات کی طرف متوجہ ہو جائے چنانچہ خداوندِ عالم خود ارشاد فرماتا ہے۔ کنت کنزاً مخفیاً فشئت ان اعرف فخلقت الخلق "میری ذات ایک مخفی خزانہ تھی میں نے چاہا کہ میں پہچانا جاؤں، تو میں نے مخلوق کو خلق کر دیا، تاکہ یہ میری ذات کے بحرِ وحدانیت کی لامحدود گہرائیوں میں غوطہ زن ہو کر علم و عرفان کے ذریعہ موحد ہو جائے۔ اور حقیقی قرب، ابدی فلاح اور ذہنی ارتقاء کا مالک بن جائے۔ چنانچہ علم و عرفان کے ذریعے قربِ معنوی حاصل کرنا ہی اس بات کا موجب بنتا ہے کہ زمانہ کے اقتضا کے مطابق بعض اوقات ابوالبشر حضرت آدمؑ مسجودِ ملائکہ قرار دیے گئے، اور بعض اوقات نبیٔ عربیؐ اپنے متعلق یوں فرماتے ہیں "ان لی مع اللہ حالات لا یحتملھا ملک مقرب ولا نبی مرسل" اور میرے اللہ کے درمیان قرب اس کا سبب بنا کہ میرے اور میرے اللہ کے درمیان ایسے حالات اور ایسے حقائق ہیں، جن کا تحمل کوئی ملک مقرب یا نبی مرسل نہیں کر سکتا۔

فضائلِ انسانی میں علم ہی ایک ایسی نمایاں فضیلت ہے جو اس فانی انسان کو اس فانی دنیا میں زندہ جاوید بنا دیتی ہے اور اغیار و ابرار، دوست و دشمن، غرض ہر ایک ذی شعور پر تفوق حاصل کرنے کا یہی ایک واحد ذریعہ ہے کیونکہ علم ہی وہ امتیازی صفت ہے جس کی بنا پر خداوندِ کریم نے تمام کائنات کو انسان کے تصرف میں دے دیا۔ اسی لیے خالق موجودات انسان کی ترغیب و تشویق کے لیے متعدد طریقوں سے مختلف مقامات پر علم کی قدر و منزلت سے آگاہ کرتا ہے۔ مثلاً قرآنِ کریم میں ارشاد ہوتا ہے:-

۱- انما یخشی اللہ من عبادہ العلماء

۲- ھل یستوی الذین یعلمون والذین لا یعلمون

۳- ومن یؤت الحکمۃ فقد اوتی خیراً کثیرا

۴- نرفع درجات من نشاء وفوق کل ذی علم علیم۔

۵- یرفع اللہ الذین امنوا منکم والذین اوتوا العلم درجات۔

آیات مذکورہ بالا جہاں اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ انسان کی شرافت اور بزرگی، مال و دولت، جاہ و ثروت سے نہیں بلکہ انسان کا امتیاز صرف اس قوۂ دراکہ کی وجہ سے ہے کہ جس کے سبب سے وہ مختلف علوم سے آراستہ ہو سکتا ہے وہاں ان آیات سے اس بات کا بھی استفادہ ہوتا ہے کہ مذہبِ اسلام میں شرف اور بلندی کا معیار رنگ و نسل سے نہیں وطن اور قوم سے نہیں، زمان و مکان سے نہیں بلکہ علم ہی نقطۂ وہ شے ہے کہ جو اس کا سرمایۂ افتخار بن سکتا ہے ورنہ اس کی نظر میں کالے گورے اور امیر و غریب کے درمیان کوئی فرق نہیں، جیسا کہ ارشادِ باری ہے۔ انا خلقناکم من ذکر وانثیٰ وجعلناکم شعوبا وقبائل لتعارفوا ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم۔

مذہبِ اسلام جہاں انسان کی زندگی کے مختلف شعبوں میں رہبری کرتا ہے وہاں انسان کو علم و عرفان حاصل کرنے کی ترغیب کے ساتھ

ساتھ دعوتِ فکر و عمل دیتا ہے تاکہ تعلیماتِ اسلامی بے مصداق نہ رہ جائیں اور ایک حقیقت بن شخص کے لیے مذہبِ اسلام ایک مکمل لائحہ عمل ثابت ہو جائے چنانچہ نوعِ بشری کو عملِ نیک کی طرف ابھارتے ہوئے ارشاد باری ہوتا ہے۔ اتامرون الناس بالبر وتنسون انفسکم وانتم تتلون الکتاب افلا تعقلون۔ "اے قاریانِ قرآن اور اے پیروانِ مذہب کیا تم اوروں کو نیکی کرنے کا حکم دیتے ہو اور اپنے آپ کو بھول جاتے ہو حالانکہ تم کتابِ خدا کی تلاوت کرتے ہو، کیا تمھیں عقل و شعور نہیں۔" مذکورۂ بالا آیۂ کریمہ سے اس بات کا بھی استفادہ ہوتا ہے کہ جس طرح ایک عامی شخص کے لیے اسلامی تعلیمات پر عمل کرنا ضروری ہے اسی طرح ایک عالم کے لیے بھی ضروری ہے کہ وہ اسلام کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو تاکہ دنیا مذہبِ اسلام کو ناقص مذہب تصور نہ کرے اور یہ نہ کہے کہ یہ صرف گفتار کا مذہب ہے کردار کا نہیں۔

سرچشمۂ علم و عمل امیر المومنینؑ مذہبِ اسلام میں علم و عمل کے باہمی ارتباط سے آگاہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ علماء کی دو صنف ہیں۔ ایک صنف تو وہ ہے جو اپنے علم پر عامل ہے اور ناجی ہے اور دوسری صنف تو وہ ہے جو اپنے علم پر عامل ہی نہیں لہٰذا ہلاک ہونے والی ہے اور اس عالمِ بے عمل کی تو یہ حالت ہے کہ اہلِ جہنم کو اس کی بُو کی وجہ سے اذیت ہوتی ہے چنانچہ آگے چل کر مولاؑ فرماتے ہیں کہ لوگوں میں سے سب سے زیادہ نادم اور حسرت والا وہ شخص ہے جس نے دوسرے شخص کو خداوندِ کریم کی طرف دعوت دی اور اس بندہ نے بھی اس کی طرف لبیک کرتے ہوئے خداوندِ کریم کی اطاعت کی اور خداوندِ کریم نے اس کو اس کے نیک اعمال کے بدلے جنت میں داخل کر دیا اور داعیٔ الی اللہ عالم کو اپنے علم پر عمل نہ کرنے، خواہشاتِ نفسانی کی پیروی کرنے اور طولِ آرزوؤں کی وجہ سے جہنم میں داخل کر دیا۔

اسی طرح مولائے متقیانؑ ایک اور جگہ علماءِ باعمل کے صفات یوں بیان فرماتے ہیں کہ علم نے ان پر بصیرت بینائی کے ساتھ ہجوم کیا ہے۔ اور یہ علماء روح الیقین تک پہنچ گئے ہیں۔ ان پر وہ تمام مشکلات آسان ہو گئے جو دوسرے اہلِ عیش و اربابِ نعمت لوگوں کے لیے مشکل ہیں ان کے لیے وہ اشیاء انیس ہیں جن سے جاہلوں کو وحشت ہوتی ہے اور یہ دنیا میں ایسے اجسام کے ساتھ زندگی گزارتے ہیں جن کے ارواح عالمِ اعلیٰ کے ساتھ متعلق ہیں۔

چنانچہ انہی علماء کی توصیف میں مولائے کائنات دوسری جگہ یوں فرماتے ہیں۔ لقد احیی قلبہ و امات نفسہ حتی دق جلیلہ ولطف غلیظہ وبرق لہ لامع کثیر البرق فابان لہ الطریق وسلک بہ السبیل۔" عالمِ حقیقی کی صفت تو یہ ہے کہ اپنے علم پر عمل کرتے ہوئے اس نے اپنے دل کو زندہ کر دیا ہے اور اپنے نفس کو اس قدر مار ڈالا ہے کہ نفس کی ناہمواری اور سختی لطیف اور ہموار بن گئی ہے اور اس عالم کے لیے ایک نور چمک اٹھا ہے جس نے اس کے لیے راہِ حق ظاہر کر دی اور اس کو حقیقی راستے پر چلا دیا۔ یہاں تک کہ یہ عالم اپنے مطلوب سے جا ملا۔ (باقی بر صفحہ ۴۲)

ادیبِ اعظم سید ظفر حسن صاحب قبلہ امروہوی - کراچی

غیبت

انسان کے خاکی پیکر میں بیشمار اخلاقی گناہوں کا مواد بھرا ہوا ہے جن میں بعض کا تعلق تو اسکی ذات سے ہوتا ہے اور اکثر اس کی زد میں دوسرے لوگ آجاتے ہیں۔ ایسے معاصی ناقابلِ معافی ہوتے ہیں۔ خلاق عالم روزِ قیامت ایسے دو شخصوں کے درمیان ضرور عدل کے ساتھ فیصلہ کرے گا۔

ان میں سے ایک غیبت ہے یعنی کسی کو پیٹھ پیچھے برا کہنا۔ یہ بڑا ہولناک جرم ہے۔ جب تک وہ شخص جس کی غیبت کی گئی ہے معاف نہ کر دے غیبت گو اس کے مظلمہ سے بری نہیں ہوسکتا۔ اس گناہ کا وزن اس لیے بڑھ جاتا ہے کہ جس کی غیبت پسِ پشت کی جارہی ہے وہ اپنی صفائی پیش نہیں کرسکتا۔ اور سننے والا یکطرفہ فیصلہ کرکے رہ جاتا ہے۔ اس سنگین جرم کے متعلق خلاقِ عالم نے پ ۲۶ سورۃ الحجرات میں فرمایا ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اجْتَنِبُوا كَثِيرًا مِّنَ الظَّنِّ إِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ إِثْمٌ وَلَا تَجَسَّسُوا وَلَا يَغْتَب بَّعْضُكُم بَعْضًا ط أَيُحِبُّ أَحَدُكُمْ أَن يَأْكُلَ لَحْمَ أَخِيهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوهُ ط وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ تَوَّابٌ رَّحِيمٌ (۱۲)

"اے ایمان والو، بہت سے گمان (بد) سے بچے رہو کیونکہ بعض بدگمانی گناہ ہے اور آپس میں ایک دوسرے کے حال کی ٹوہ میں نہ رہا کرو، اور نہ تم میں سے ایک دوسرے کی غیبت کرے، کیا تم میں سے کوئی اس بات کو پسند کرے گا کہ وہ اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت کھائے، تم ضرور اس سے نفرت کرو گے اور خدا سے ڈرو، بے شک وہ بڑا توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔"

تفسیر درِ منثور جلد ۶ صفحہ ۹۵ مطبوعہ مصر میں اس آیت کی شانِ نزول یہ لکھی ہے:-

"ایک دفعہ سفر میں حضرت رسولؐ کے ساتھ حضرت ابوبکر و عمر بھی تھے، ان دونوں نے حضرت سلمان وغیرہ کی غیبت کی۔ اس کے بعد کھانا کھانے کے وقت کسی آدمی کو سالن کے لیے حضرت کے پاس بھیجا تو آپ نے جواب دیا وہ دونوں تو گوشت سے خوب پیٹ بھر چکے اب سالن کیا ہوگا؟ اس نے جاکر ان دونوں سے بیان کیا تو ان کو بڑی حیرت ہوئی اور دوڑتے ہوئے حضرت کے پاس آئے اور کہنے لگے یا حضرت ہم لوگوں نے تو عرصہ سے گوشت دیکھا تک

نہیں کھانا کیسا؟ فرمایا اب تک تم دونوں کے دانتوں میں وہ گوشت بھرا ہوا ہے، کیا تم دونوں نے فلاں کی غیبت کر کے اس کا گوشت نہیں کھایا؟ اس پر یہ آیت نازل ہوئی"

اس آیت سے حسب ذیل امور معلوم ہوتے :-

۱- غیبت انتہائی قابلِ نفرت جرم ہے۔

۲- اپنے دینی بھائی کی غیبت کرنا گویا اسکا گوشت کھانا ہے۔

۳- گوشت بھی مردہ کا، جو انتہائی کراہت انگیز ہے۔

۴- چونکہ مردہ بے حس و بے بس ہے اس لیے گوشت کھانے والے کو اپنے سے دفع نہیں کر سکتا۔

غیبت گو سب سے بڑا بزدل انسان ہے اسے اتنی جرأت نہیں ہوتی کہ کسی کی برائی اس کے منہ پر بیان کر سکے وہ کمینہ طبیعت ہے کہ پس پردہ دوسروں کے عیب بیان کر کے اپنے دل کو خوش کرتا ہے اسی خباثت طبع اور دنائت نفس پر نظر رکھ کر خدا نے فرمایا کہ وہ مردہ کا گوشت کھاتا ہے اور چونکہ مردہ کا گوشت کھاتا ہے اس لیے چھپ کر کام کرتا ہے یہی اسکی بزدلی کی نشانی ہے۔

کافی جلد دوم باب الغیبت والبھت میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایک حدیث منقول ہے حضرت نے فرمایا، کہ مسلم کے دین کو غیبت اس سے زیادہ جلد تباہ کرنے والی ہے، جتنی جلد پیٹ کا کینسر زندگی کو فنا کرنے والا ہے۔ امام علیہ السلام نے فرمایا، کہ رسول اللہؐ نے یہ بھی فرمایا ہے کہ مسجد میں نماز کے انتظار میں بیٹھنا عبادت ہے جب تک کہ احداث حدث نہ ہو۔ کسی نے پوچھا کہ اس کا کیا مطلب ہے؟ فرمایا جب تک غیبت نہ کی جائے۔

دوسری حدیث اسی کافی میں یہ ہے کہ جو کسی مومن کے متعلق وہ بات بیان کرے جو اس نے آنکھ سے دیکھی ہو اور یا کانوں سے سنی ہو تو وہ ان لوگوں میں سے ہے جن کے متعلق خدا نے قرآنِ کریم میں فرمایا ہے "جو چاہتے ہیں کہ مومن کی بدی آشکارا ہو ان کے لیے دردناک عذاب ہے" (سورۂ نور)

تیسری حدیث میں ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے کسی نے غیبت کے متعلق پوچھا یہ کیا ہے؟ فرمایا وہ یہ ہے کہ تم اپنے دینی بھائی کے متعلق وہ عمل بیان کرو جو اس نے نہیں کیا، اور ثابت کرو اس کے لیے اس امر کو جس کو خدا نے پوشیدہ رکھا ہے اور اس پر حد قائم نہیں کی۔

چوتھی حدیث ہے کہ کسی نے رسول اللہؐ سے پوچھا غیبت کا کفارہ کیا ہے؟ فرمایا جس کی غیبت کی ہے اس کے لیے استغفار کیا جائے جب تک اس غیبت کی یاد آتی رہے۔

غیبت کرنا تو آسان ہے لیکن اس کا خمیازہ بھگتنا بڑا مشکل ہے۔ اگر کفارہ نہ دیا گیا تو عاقبت تباہ ہوگی۔ شیطان اپنے چلتر بڑے طریقے سے دکھاتا ہے اسکی پوری کوشش یہی رہتی ہے کہ مومن کی دینداری کو تباہ کر دے افسوس ہے کہ اسلام نے لوگوں کو ایسے گناہوں سے جس قدر بچانے کی زیادہ کوشش ہے مسلمان اتنا ہی زیادہ ان نجاستوں میں آلودہ ہوتا جاتا ہے۔

جھوٹ، فریب، غیبت، حسد وغیرہ ہمارے معاشرہ کا جزو بنے ہوئے ہیں جب تک بدگوئی نہ ہو لطفِ صحبت حاصل نہیں ہوتا۔ غیبت کا سب سے خراب اثر یہ ہوتا ہے کہ ایک کو دوسرے سے نفرت ہونے لگتی ہے جس سے رشتہ اخوتِ اسلامی پارہ پارہ ہو جاتا ہے ۴۴

۴۴ اللہ تعالیٰ ہر مومن کو اس مہلک اور عاقبت برباد کرنے والے مرض سے محفوظ رکھے۔

مولانا سید ولی حیدر صاحب امروہوی

قیامت آرہی ہے!

احادیث واقوالِ ائمہ معصومین علیہم السلام سے جو علاماتِ قیامت معلوم ہوتی ہیں وہ اکثر و بیشتر ظاہر ہو چکی ہیں اور جو باقی ہیں وہ بھی ظاہر ہوتی جارہی ہیں لہٰذا یقین کیجیے کہ عنقریب قیامت آنے والی ہے اور ہم کو ایک عادلِ حقیقی کے دربار میں جانا ہے۔ جہاں کوئی کسی کا بھی مددگار نہ ہوگا۔ باپ بیٹے کو نہ پہچانے گا، بیٹا باپ کو نہ جانے گا، نفسی نفسی کا عالم ہوگا۔ وہاں اعمال ہی کام آئیں گے۔ جس نماز کی طرف جانا مشکل نظر آتا ہے یا فضول سمجھتے ہو، وہ قرآن جس کو کھول کے پڑھنا تمھیں سخت کام معلوم ہوتا ہے یا اسکو بیکار جان کر نہیں پڑھتے ہو یہی کام آنے والی چیزیں ہیں۔ ذکرِ محمدؐ و آلِ محمدؐ ضرور کام آئے گا مگر وہی جس کو سنکر عمل بھی کیا ہو۔ مجھے یقین ہے کہ آپ نمازِ صبح کے بعد روزانہ قرآن پڑھتے ہی ہوں گے کیونکہ تلاوتِ قرآن خدا کے عذاب سے امان کا باعث ہے۔ اس سے گھر میں برکت ہوتی ہے۔ ملائکہ کا ورود ہوتا ہے۔ شیاطین دور رہتے ہیں قرآن پڑھنے کے اجر و ثواب کا تو کیا ذکر ہے اس پر نظر کرنا بھی عبادت ہے اسی لیے تو حفظ پڑھنے سے دیکھ کر پڑھنا افضل ہے لیکن اس کا لحاظ ضروری ہے کہ بغیر وضو کے قرآن کی تحریر کو بدن کے کسی عضو سے لگانا حرام ہے خواہ ایک آیت یا ایک لفظ ہو بلکہ عام اس سے کہ قرآن کے وہ الفاظ قرآن میں ہوں یا کسی دوسری کتاب یا رسالے میں آیات لکھی ہوں۔

تین چیزیں خداوندِ عالم سے شکایت کریں گی، ایک وہ مسجد جس میں لوگ نماز کو نہ آئیں، دوسرے وہ عالم جو جاہلوں میں ہو اور وہ اس کا احترام نہ کریں مسائل نہ دریافت کریں، تیسرے وہ قرآن جو گھر میں رکھا ہو اور اسکی تلاوت نہ کی جائے۔ قرآن میں توحیدِ الٰہی اور اسکی صفاتِ ثبوتیہ و سلبیہ کے بعد قیامت کا ذکر سب سے زیادہ ہے اور خصوصیت کے ساتھ آخری پارہ اسی کے تذکرہ سے بھرا ہوا ہے۔ پہلے کچھ نہ گناہ ہی پڑھ لیجیے جن کے ارتکاب پر قرآن اور احادیث میں عذاب بیان کیا گیا ہے، اور وہ شریعت میں بڑے گناہ سمجھے جاتے ہیں۔ انھیں کو گناہانِ کبیرہ کہا گیا ہے۔ اولاً خدا کا کسی کو شریک سمجھنا، خدا کے عذاب سے بے خوف ہونا اور خدا کی رحمت سے ناامید ہونا، خدا کے قضا و قدر کی شکایت کرنا، خداؐ و رسولؐ کے دین میں بدعت کرنا، رسولؐ یا امامؑ سے بیعت کرکے توڑنا، کعبہ کا احترام نہ کرنا، حرمِ کعبہ میں ممنوع کام کرنا، نماز ترک کرنا بغیر عذر کے ماہِ رمضان کے روزے نہ رکھنا، جس پر حج کی استطاعت ہو حج نہ کرنا، زکوٰۃ، خمس ادا نہ کرنا،

www.khwajalateefansari.com
RekhtaDownload.com

میدانِ جہاد سے بھاگنا، لوگوں کے دکھلانے کے لیے
عبادت کرنا، لوگوں سے اپنی عبادت و طاعت کا
باربار ذکر کرنا، ماں باپ کی نافرمانی کرنا، ایسا کام کرنا
جس پر لوگ ماں باپ کو برا کہیں۔ یعنی اپنے فعل سے
ماں باپ کو برا کہلوانا، رشتہ داروں کے حقوق ادا
نہ کرنا، ایسی وصیت کرنا جس سے وارثوں کو ضرر پہنچے
اہل وعیال کی خبر گیری نہ کرنا، یتیموں کو اپنے مال سے
کچھ دینا اور دے کر واپس کرلینا۔ مالِ زکوٰۃ دے
کر واپس کرلینا، اپنی قوم بدل کر بیان کرنا، کسی مومن کو
ناحق قتل کرنا یا اس کا کوئی عضو کاٹ ڈالنا، مومنین
کو ستانا، مومنین سے بدگمانی کرنا، مومنین کے
پوشیدہ عیوب کو تلاش کرکے ظاہر کرنا، مومنین سے
حسد رکھنا، مومنین کو حقیر سمجھنا، مومنین سے عداوت
رکھنا، شوہر دار عورت سے زنا کرنا بلکہ ہر زنا۔ شوہر دار
عورت کو زنا کی تہمت لگانا، خلاف وضع فطری عمل
کرنا۔ پیشاب سے نہ بچنا۔ شراب پینا۔ حرام و نجس
چیزیں کھانا، گانا بجانا، لہو ولعب کے جلسوں میں مشغول
رہنا۔ تاش وشطرنج کھیلنا۔ نازیبا تفریح گاہوں میں
رہنا، مال کو بیجا صرف کرنا، دوسروں کے مال میں
خیانت کرنا، خرید و فروخت میں کم دینا، زیادہ لینا، سود لینا
دینا، رشوت لینا دینا۔ چوری کرنا، جادو کرنا، جنات
کو تابع کرنا اور ان کے ذریعے آئندہ امور کی خبر دینا،
مالِ یتیم کھاجانا، جوا کھیلنا، غرور و تکبر کرنا، جھوٹ
بولنا، جھوٹی قسم کھانا، عہد شکنی کرنا، وعدہ خلافی
کرنا، دو زبان ہونا، کبھی کچھ کہنا اور کبھی کچھ کہنا،
فحش بکنا، کسی پر افترا و بہتان لگانا، اہلِ بدعت
کے پاس بیٹھنا۔ حرام کام کا ذریعہ ہونا۔ ظالم کی مدد
کرنا، ناحق بات کی پیچ کرنا، اچھے کام سے کسی کو روکنا
برے کام کا حکم دینا، باوجود قدرت کے اچھے کاموں
کا حکم نہ دینا۔ برے کاموں کی ممانعت نہ کرنا، گناہانِ صغیرہ
پر اصرار کرنا یا ان کو ہلکی بات سمجھنا۔ مذکورہ بالا امور بڑے
سخت گناہ ہیں۔ جس طرح انسان کی جسمانی علالت
غفلت کی وجہ سے اور علاج و پرہیز نہ کرنے سے
بڑھتی رہتی ہے حتیٰ کہ موت آجاتی ہے اسی طرح
گنہگاری انسان کی روحانی بیماری ہے اس کی بھی
یہی صورت ہے کہ رفتہ رفتہ قلب سیاہ ہوجاتا ہے
آنکھوں پر پردے پڑجاتے ہیں۔ روحانیت ختم
ہوجاتی ہے۔ بڑے خوش قسمت ہیں وہ لوگ
جو ہر شب کو سوتے وقت بستر پر لیٹ کر اپنے روزانہ
اعمال کی جانچ کرلیتے ہیں۔ اگر کسی وقت معصیت کی
زہریلی ہوا لگتی دیکھی تو فوراً توبہ و استغفار سے اس کا
علاج کرتے ہیں اور اس کے اثرات کو بڑھنے نہیں دیتے
توبہ کا دروازہ ابھی کھلا ہوا ہے لیکن عنقریب ایک ایسا
وقت بھی آنے والا ہے کہ یہ دروازہ بند ہوجائے گا
خداوند عالم غفور و رحیم ہے، بڑا ذرہ نواز ہے۔ اگر آج
تک اپنے کو معاصی سے آلودہ کرتے رہے ہیں تو بارش
رحمت سے آب توبہ ہمارے واسطے موجود ہے جو اس طرح
ہمارے نفس کو پاک کرسکتا ہے جیسے شیشے پر جلا ہوجاتی
ہے۔ یہی وہ عمل ہے جو سالکانِ شریعت کی پہلی
منزل اور طالبانِ معرفت کا پہلا مقام ہے۔ ظاہر ہے
کہ اگر کوئی شخص کسی معزز مہمان کی اپنے ہاں مہمانی کرتا
ہے تو اس کے آنے سے قبل اپنی حیثیت کے موافق
مکان کو درست کرتا ہے۔ گرد و غبار سے صاف
رکھنے کی کوشش کرتا ہے اسی طرح عبادت سے

www.khwajalateefansari.com RekhtaDownload.com

اول خانۂ دل کو خدا کی مہمانی کے لیے گناہوں کو خس و خاشاک سے ایسا پاک وصاف کرنے کی ضرورت ہے جو اُس کی رضامندی و خوشنودی کا باعث ہو کیونکہ عبادت کا نمبر ہی طہارت کے بعد ہے۔

حضرات! بڑی مدت تک آپ شاعرانہ مضامین سنتے رہے اور خوش ہوتے رہے۔ حد یہ ہے کہ مجالس میں محافل میں وہی ذاکر، وہی واعظ پسند آئے۔ جو پھڑکیدار تقریر اور چٹ پٹے بیان سے اپنی دماغی محنت کی داد لیتے اور واہ واہ کی صداؤں سے ساری مجلس گونج جاتی تھی۔ معاف کرنا وہ ایک قسم کی کانوں کی عیاشی تھی۔ اس لیے کہ جو سنا وہیں سن کر واہ واہ کی، اور گھر چلے آئے۔ جیسے کورے گئے تھے ویسے ہی چلے آئے۔ اثر خاک نہ لیا۔ اب عزیزو، چھوڑ دان باتوں کو، مجالس بھی سنو تو وہ جس میں تمھارے لیے کچھ نصیحت ہو دینی فائدہ ہو، قیامت آجانے پر توبہ کا بھی موقع نہ رہے گا۔ آپ اگر دینی باتوں کو بار بار کرتے رہیں گے تو آپ کے بچے بھی اپنے مذہب سے ناواقف نہ رہ جائیں گے۔ خدارا اپنی اور اپنی آئندہ نسل کی خبر لو تمھارے بچوں کو اسکول کی غلط تعلیم بگاڑ نہ دے اور اپنے مذہب سے بے خبر نہ کردے۔ میرے اس مضمون کو پسند تو نہ کرو گے مگر میں چاہتا ہوں کہ تم ہوشیار ہو جاؤ۔ اور اپنی حالت کو بدلو۔ اور اسی قسم کی باتوں کو سنکر خوش ہو اور عمل کرو۔ جب تم پکے مذہبی بن جاؤ گے تو تمھارے بچے بھی مذہب سے نابلد نہ ہو سکیں گے۔ آپ کو خبر نہیں، دنیا تمھارے مذہب کو مٹانے کی فکر میں لگی ہوئی ہے۔ خدا کرے کہ میری بات دلوں میں اثر کر جائے۔

"علم و عمل اور اسلام" بقیہ صفحہ ۳۷

مولائی کائنات کی فرمائش سے ظاہر ہوتا کہ اگر عالم اپنے علم کے مطابق عمل کرے تو اس کے لیے تمام مشکلات آسان ہو جاتی ہیں اور تمام راستے کھل جاتے ہیں۔ تو جہاں چاہے پرواز کر سکتا ہے لیکن وہ عالم جو اپنے علم پر عمل پیرا ہی نہ ہو اور جو حقیقی معنوں میں عالم کہے جانے کے لائق ہی نہیں اس کے متعلق نبی عربی فرماتے ہیں "قصم ظھری رجلان عالمٌ متھتک وجاھل متنسک" میری امت میں سے دو شخصوں نے میری کمر توڑ دی، ایک اس عالم نے جس نے شریعت کا پردہ پھاڑ ڈالا، اور دوسرا اس جاہل نے جو بدوں علم عبادت کرتا ہے۔" پس ظاہر ہوا کہ اسلام ہی وہ مذہب ہے جو کہ اپنے تبعین کو دعوت علم و عمل دیتا ہے اور علم کے ساتھ ساتھ عمل کو بھی لازم قرار دیتا ہے کیونکہ علم بغیر عمل کے فائدہ نہیں دے سکتا۔

(زیر طبع)

عظمتِ انساں

سید آل رضا صاحب ایڈووکیٹ کا یہ مرثیہ اپنی نوعیت کے لحاظ سے منفرد ہے۔ اس مرثیے میں آپ نے عظمتِ حسینی اور عظمتِ انسانی قرآن و حدیث کی روشنی میں نہایت عمدہ طریقے سے بیان کی ہے۔ اس مرثیے کے ساتھ ساتھ جدید فن مرثیہ نگاری پر مستند نقادوں کے مقالے بھی شامل ہیں تاکہ یونیورسٹی کے طلبہ اور دیگر اہل علم اس سے استفادہ کر سکیں۔ یہ کتاب انجمن شعرائے اہل بیت کے زیر اہتمام مکتبہ تعمیر ادب لاہور سے شائع کی جا رہی ہے۔

اشعر الشعراء سید عسکری حسن عارف میرٹھی

عرفانِ رب

پھرتا ہے خاک چھانتا بیکار کو بکو!
آ میں بتاؤں تجھکو جو رب کی ہے جستجو

کر لے عدد علیؑ و محمدؐ کے ایک جا
پائیگا اپنے رب کو اسی روشنی میں تو

اس سے کھلا یہ راز کہ دونوں یہ عبدِ خاص
حسنِ صفاتِ رب کی ہیں تصویر ہوبہو

محروم رب ہے ان میں جو قائل ہے فصل کا
پیشِ خدا وہ ہوگا نہ محشر میں سرخرو

ان کا ہی دوست، دوست ہے ربِ غفور کا
ان کا عدو ہے خالقِ کونین کا عدو

ان کا وسیلہ معرفتِ رب کا ہے سبب
دامن کو ان کے تھام جو ہے حق کی آرزو

اک فخرِ انبیاء ہے تو اک فخرِ اولیاء
انسانیت کی ان سے ہی قائم ہے آبرو

بعد از خدا ہے سب سے بلند آپ کا مقام
ہر شئے ہے کائنات کی پست ان کے روبرو

احمدؐ ہیں شہرِ علم تو حیدرؑ ہیں اس کا در
لینا ہے کچھ، تو مانگ اسی آستاں سے تو

ہوتا ہے صاف لحمک لحمی سے یہ عیاں
دونوں کا ایک گوشت ہے دونوں کا اک لہو

جس نور سے نبیؐ ہیں اسی نور سے علیؑ
دونوں کا اک مزاج ہے دونوں کی ایک خو

ان کا ہی نور باعثِ ایجادِ خلق ہے
اس سے ہی پُر بہار ہے دنیائے رنگ و بو

جس نور کی ہو شان پہ نازاں خدا کی ذات
ہو کس کو اس کے باب میں یارائے گفتگو

عارف پڑھو درود کہ قرآنِ پاک میں
آیا ہے حکم صلّوا علیہِ و سلّموا

www.khwajalateefansari.com Rekhta Download.com

قرآن

وحید الحسن ہاشمی

میں کہ تہذیبِ دو عالم کیلیے رحمت تھا
میں کہ انوار کا اک آئینۂ فطرت تھا

میری رگ رگ میں سمائی ہوئی تبلیغ کی لو
پھوٹتی تھی مری آواز سے تنویر کی لو

میں نے ذہنوں کو مسخر کیا روحوں کو اسیر
میں نے بیدار کیا حضرتِ انساں کا ضمیر

میں نے توحید کے مفہوم میں جاں ڈالی ہے
باغِ عصمت میں مرے ذکر سے ہریالی ہے

علم کا نور، تقدس کی شعاعیں مجھ سے
دن کے اعمال تو راتوں کی دعائیں مجھ سے

رنگ تاریخ کا بگڑا تھا بنایا میں نے
کتنے نبیوں کے مقدر کو جگایا میں نے

دل میں جلتے ہوئے شعلوں کو نوا میں نے کیا
آہ کو اشک، تو پانی کو ہوا میں نے کیا

آسمانوں کے خزانوں کو بتایا میں نے
جو مقید تھا گماں میں، وہ دکھایا میں نے

بربریت کی ادا چھوڑ کے انسان بنے
میرے جلووں سے مسلمان، مسلمان بنے

لاکھ ڈھونڈا نہ کہیں اور زمانے سے ملی
مجھ کو تائید محمدؐ کے گھرانے سے ملی

آنکھ باطل کے ہر اک فعل سے موڑا میں نے
دامنِ آلِ محمدؐ کو نہ چھوڑا میں نے

مجھ کو وہ صورتِ معصوم بہت بھائی تھی
میں نے شبیرؑ سے الفت کی قسم کھائی تھی

لیکن افسوس کہ دنیا نے مجھے چھوڑ دیا
خود مسلمانوں نے وہ عہدِ وفا توڑ دیا

ہائے آبِ دمِ شمشیر پلایا مجھ کو
خود مسلمانوں نے نیزے پہ چڑھایا مجھ کو

اپنے افکارِ قبیحہ سے جہنم پاٹا
مجھ کو پڑھ پڑھ کے گلا سبطِ نبیؐ کا کاٹا

کچھ ثبوتِ شرف و مرتبہ دانی نہ دیا
میری اک چھوٹی سی سورت کو بھی پانی نہ دیا

میری تابندہ لطافت کا اثر لوٹ لیا
میں جسے اپنا سمجھتا تھا وہ گھر لوٹ لیا

شرم آتی ہے مسلماں سے کہ متوالے ہیں
میری آیت کے مفاہیم بدل ڈالے ہیں

آج تفسیر کے پردے میں ہے خود داریِ دل
آج مقتول کو کہتا ہے مفسّر قاتل

ولولے دل میں نہیں جسم میں کچھ جان نہیں
آج قاری ہیں مگر حاملِ قرآن نہیں

رسم اک رہ گئی ایمان گریزوں کے لیے
لوگ اب لیتے ہیں قرآن جہیزوں کے لیے

خوشنما دیکھ کے اوراق مرے بھول گئے
جس نے [illegible] تھا اسے بھول گئے

غلام محمد قاصر

حسین علیہ السلام

جہان بھر سے نرالا ہے ماجرائے حسینؑ
کہ انتہائے زمانہ ہے ابتدائے حسینؑ

وہ نقش کس سے مٹے گا جسے بنائے حسینؑ
وہ شمع کس سے بجھے گی جسے جلائے حسینؑ

وفا جہاں میں کہاں ہے؟ بجز وفائے حسینؑ
وفا کا خضرؑ کو بھی راستہ دکھائے حسینؑ

صدا یہ عرش سے آئی بوقتِ ذبحِ عظیم
یہ امتحان ہے مشکل کہو تو آئے حسینؑ

رہے نہ قدر نظر میں قبائے یوسفؑ کی
جو دیکھے حضرت یعقوبؑ بھی قبائے حسینؑ

جفا نے زور لگایا مگر مٹا نہ سکی
ہیں ثبت راہِ وفا میں جو نقشِ پائے حسینؑ

رہے طریقِ محمدؐ رہے قیامت تک
وہ مدعائے یزید اور یہ ادعائے حسینؑ

انھیں کی شان میں اتری تھی آیۂ تطہیر
وہ بیبیاں کہ جنھیں کربلا میں لائے حسینؑ

تھے محوِ گریہ و غم عرش و فرش و جنّ و ملک
زبانِ تیغ سے نکلی صدا کہ "ہائے حسینؑ"

نبیؐ کے پاس ہو وہ کیوں جو ہو حسینؑ سے دور
خدا کو بھائے وہ کیونکر جسے نہ بھائے حسینؑ

کہیں گے قاسمِ کوثر یہ حوضِ کوثر پر
اسی کو جام ملے گا جسے پلائے حسینؑ

نہیں ہے خوئے صدا و سوال قاصر کو!
کہ ہے غلام محمد فقط گدائے حسینؑ

نقشہ سحری و افطار

بمطابق احکام سرکار علامہ الحاج مولانا مرزا احمد علی صاحب قبلہ لاہور

یوم	تاریخ انگریزی	تاریخ ماہ رمضان	وقت سحری گھنٹہ	وقت سحری منٹ	وقت افطار گھنٹہ	وقت افطار منٹ
اتوار	یکم جنوری	۱۹	۴	۵۱	۵	۲۵
پیر	۲	۲۰	۴	۵۰	۵	۲۵
منگل	۳	۲۱	۴	۴۹	۵	۲۶
بدھ	۴	۲۲	۴	۴۸	۵	۲۸
جمعرات	۵	۲۳	۴	۴۷	۵	۲۹
جمعہ	۶	۲۴	۴	۴۶	۵	۳۰
ہفتہ	۷	۲۵	۴	۴۵	۵	۳۱
اتوار	۸	۲۶	۴	۴۴	۵	۳۲
پیر	۹	۲۷	۴	۴۳	۵	۳۳
منگل	۱۰	۲۸	۴	۴۲	۵	۳۴
بدھ	۱۱	۲۹	۴	۴۱	۵	۳۵
جمعرات	۱۲	۳۰	۴	۴۱	۵	۳۶

مشہور شہروں کا فرق منٹوں میں

نام شہر	سحری	افطار	
راولپنڈی	۷	۸	بعد
پشاور	۱۲	۱۳	"
کراچی	۲۷	۲۸	"
ملتان	۱۲	۱۳	"
بہاولپور	۱۲	۱۳	"
سرگودھا	۶	۷	"
پاراچنار	۱۸	۱۹	"
بنوں	۱۷	۱۸	"
جہلم	۴	۵	"
جھنگ	۸	۹	"
کوئٹہ	۲۷	۲۸	"
سیالکوٹ	۱	۲	قبل
خیرپور	۲۰	۲۱	بعد
رحیم یارخاں	۱۶	۱۷	"
ڈیرہ غازیخاں	۱۴	۱۵	"
لائلپور	۶	۷	"

www.khwajalateefansari.com
Rekhtadownload.com

چندہ جات مطلوب ہیں

ہم ہر ماہ فریقین کی سہولت کے پیش نظر ان ممبران کے اسمائے گرامی شائع کرتے رہیں گے جن کا سالانہ چندہ ماہ رواں میں ختم ہو رہا ہو لہٰذا آپ ہر ماہ اس فہرست کو پوری توجہ سے پڑھ کر اپنا سالانہ چندہ بذریعہ منی آرڈر جلد از جلد ارسال فرمائیں تاکہ لٹریچر آپ تک باقاعدہ پہنچتا رہے۔

حسب ذیل حضرات کا سالانہ چندہ ۳۱ جنوری ۶۶ء کو ختم ہو رہا ہے لہٰذا آپ جلد از جلد چندہ بھیجکر ممنون فرمائیں ورنہ شمارہ فروری ۶۶ء بذریعہ وی۔پی ارسال کیا جائے گا۔

(اکاؤنٹنٹ مشن)

ممبری نمبر ۱۲۵۰۳۔ سید احمد حسن صاحب حسینیہ کالونی نزد چونگی نمبر ۹۔ گوجرہ تحصیل ٹوبہ ٹیک سنگھ ضلع لائلپور۔

ممبری نمبر ۱۲۵۰۴۔ سید شبر حسین صاحب 17-D-1 گلبرگ نمبر ۳ لاہور

ممبری نمبر ۱۲۵۰۵۔ سید غلام حیدر شاہ صاحب ڈائرکٹر نیو جہلم ٹرانسپورٹ کمپنی جہلم

ممبری نمبر ۱۲۵۰۶۔ عباس رضا ولد چوہدری ظفر علی صاحب ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اینٹی کرپشن، مکان نمبر 11/114 آریہ محلہ نمبر ۲ راولپنڈی

ممبری نمبر ۱۲۵۰۷۔ محمد نواز ولد وارث خاں صاحب بمقام ڈیرہ۔ ڈاکخانہ چک بھون تحصیل چکوال ضلع جہلم۔

ممبری نمبر ۱۲۵۰۸۔ MR. KHURSHID AKBAR SCIENTIFIC OFFICER PAKISTAN TEA RESEARCH STATION SRIMANGAL (P.O) DISTT SYLHET (E. PAK)

ممبری نمبر ۱۲۵۰۹ سید حامد حسین صاحب جاوچوی بی۔اے۔ ایل۔ایل۔بی کری کوارٹرز پرانا سکھر

ممبری نمبر ۱۲۵۱۰۔ مسٹر سید شبیر حسین گیلانی نزد نہری بنگلہ خان گڑھ ضلع مظفر گڑھ

ممبری نمبر ۱۲۵۱۱۔ سید انوار حسین صاحب پیشناز موضع مچھر کھادی ڈاکخانہ فردکہ ضلع سرگودھا۔

ممبری نمبر ۱۲۵۱۲۔ چوہدری غلام محمد صاحب ہیڈ کلرک سی۔ایم ایچ بہاولپور

ممبری نمبر ۱۲۵۱۳۔ نائیک کرامت حسین صاحب اے۔ایف۔ایم کالج راولپنڈی

ممبری نمبر ۱۲۵۱۴۔ سیٹھ حسین خاں صاحب مقام و ڈاکخانہ اولڈنگ علاقہ کھرمنگ سکردو، بلتستان۔

ممبری نمبر ۱۲۵۱۵۔ سید مہدی الحسینی النجفی صاحب چوبارہ روڈ امام خانہ لیہ

ممبری نمبر ۱۲۵۱۶۔ ایم حمید علی صاحب عدم حیدری دکاندار بمقام کھیپی ڈاکخانہ شرقپورہ کلاں ضلع شیخوپورہ

ممبری نمبر ۱۲۵۱۷ حسین نقیر صاحب کربلائی ایم ٹی سیکشن پی۔ٹی۔اے سول ایئرپورٹ چک لالہ راولپنڈی

ممبری نمبر ۱۲۵۱۸۔ محمد بریل معرفت محمد عرس خاں وارثین کوٹ روڈ شہدادپور ضلع سانگھڑ

ممبری نمبر ۱۲۵۱۹۔ ملک غلام علی جعفری مکان نمبر 25/7 گڑھی اعوان نزد مسجد صوبیدار والی حافظ آباد ضلع گوجرانوالہ

ممبری نمبر ۱۲۵۲۰۔ بیگم الیف۔جے احمد معرفت سید مرزا احمد C/166 بلاک D نارتھ ناظم آباد کراچی

ممبری نمبر ۱۲۵۲۱۔ محمد عیسیٰ صاحب محلہ نینہ استور گلگت ایجنسی

ممبری نمبر ۱۲۵۲۲۔ سید قیصر حسین رضوی پلاٹ نمبر ۱۲۳ آگرہ تاج کالونی مسان روڈ۔ کراچی نمبر ۲

ممبری ۱۲۵۲۳ - سید اظہر حسن صاحب زیدی ایڈووکیٹ گوجرانوالہ

ممبری ۱۲۵۲۴ - سید امید علی شاہ صاحب رضوی معرفت غلام دستگیر قادری
ڈھورالین نزد پیر بخاری شاہ روہڑی

ممبری ۱۲۵۲۵ - سید محب حسین شاہ نمبردار سیکرٹری انجمن امامیہ
پلوواہ سادات ڈاکخانہ جلال آباد تحصیل لودھراں ضلع ملتان

ممبری ۱۲۵۲۶ - منشی خدابخش صاحب جعفری۔ "جعفری ہاؤس"
شاہ جیونہ ضلع جھنگ

12527, S. N. H. RIZVI FIRDAUS MANZAL
QAZI ABDUL HAMID LANE DACCA

12528, SYED FAIZ HUSSAIN SHAH
32-ZINDAH BAHAR 2. NO - LANE DACCA

12529, MUTAHIR ALI KHAN 2. CENTRAL ROAD
DHAN MANDI DACCA.

12530, M. ASGHAR REZA BEIG
16/1 BONO GRAM LANE P.O. WARI DACCA

12531, M. ABID RAZA BEIG C/O
JALEEL BROTHERS LTD
21. MOTI JHEEL DACCA-3.

ممبری ۱۲۵۳۲ - چوہدری علی حسین صاحب چک ۱۲۷ گ-ب
ڈاکخانہ جڑانوالہ ضلع لائلپور۔

ممبری ۱۲۵۳۳ - سید منظر حسین صاحب - ایف-اے سی-ٹی
ٹیچر ہائی سکول قصبہ کبیروالا ضلع ملتان۔

خبر غم

امامیہ مشن کے ناظم دفتر سید اظہار حسین صاحب مشہدی کے تایا سید دہاب علی شاہ صاحب جہلم کے انتقال پُرملال پر شعبۂ تبلیغ کے اراکین اظہار افسوس کرتے ہیں اور دعاگو ہیں کہ اللہ تعالیٰ پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے اور مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے۔ آمین۔

ادارۂ عالیہ تحفظ حقوق شیعہ پاکستان کا اجلاس

مورخہ ۱۴ نومبر ۱۹۶۶ء کو شاہ جیونہ ہاؤس جھنگ میں میجر سید مبارک علی شاہ کی صدارت میں کونسل کا اجلاس ہوا۔ جس میں ایک قرارداد کے ذریعے خطیب اعظم علامہ سید محمد دہلوی پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا گیا۔ اس کونسل میں پاکستان کے مختلف ضلعوں اور شہروں سے مندوبین شریک ہوئے۔ اجلاس نے اسلامی مشاورتی کونسل کی سفارش کو نامنظور کر کے جداگانہ دینیات پر زور دیا گیا۔ سال رواں کے لیے مندرجہ ذیل عہدے دار منتخب کیے گئے۔

صدر:- جناب پیر سید نور بہار شاہ صاحب سابق ایم ایل اے
جنرل سیکرٹری:- سید مشتاق حسین نقوی ملتان۔

خبر غم

مولانا سید قائم علی صاحب فانی کے بہنوئی سید ظہور حسن صاحب کے انتقال پرملال پر شعبۂ تبلیغ کے اراکین اظہار افسوس کرتے ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ پس ماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے اور مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے۔ آمین۔

www.khwajalateefansari.com
RekhtaDownload.com

مکتبہ امامیہ مشن پاکستان کے چند جواہر پارے

دین و اسلام
مصنفہ آیۃ اللہ آقا شیخ محمد حسین آل کاشف الغطاء
ترجمہ علامہ حسین بخش صاحب قبلہ

• یہ کتاب بیش بہا معلومات کا خزانہ اور قابلِ قدر علمی افکار کا ذخیرہ ہے اثباتِ باری تعالیٰ اور توحید و عدل کے موضوعات اس میں زیرِ بحث ہیں۔ یہ کتاب تمام طالبانِ دین کے لیے بلا تفریق مذہب و ملت مفید ہے اور اس کا مطالعہ طالبِ حق کے لیے ضروری ہے۔

دینِ حق
مصنفہ آغا عبد الحسین شرف الدین الموسوی العاملی طاب ثراہ
مترجمہ مولانا محمد باقر صاحب نقوی مولوی فاضل صدر الافاضل

یہ خطوط کا مجموعہ "دینِ حق" لبنان کے ایک عظیم المرتبت عالم کی شہرۂ آفاق تصنیف "المراجعات" کا ترجمہ ہے۔ آقا عبد الحسین صاحب قبلہ فاضل عراق و عرب کے شیعہ علماء میں جلیل القدر شخصیت کے بزرگ ہیں۔ آپ ایک علمی دورہ پر مصر تشریف لے گئے۔ وہاں کے مشہور عالمِ اہلِ سنت شیخ سلیم البشری شیخ الجامعہ الازہر سے شیعہ سنی اختلافات پر باتیں ہوئیں اور بعد میں عرصہ تک خط و کتابت کا سلسلہ جاری رہا۔ ہر دو مکتبِ فکر کے علماء نے جس متانت اور سنجیدگی سے ایک دوسرے کے جوابات پیش کیے ہیں جو محققین کے لیے بیش بہا خزانہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اہلِ علم کے لیے بے نظیر تحفہ ہے۔

سفید کاغذ، بڑا سائز مجلد قیمت ساڑھے چار روپے

ترغیب الصلوٰۃ
مولانا سید ولی حیدر صاحب امروہوی کا رسالہ "نماز" امامیہ مشن نے ترغیب الصلوٰۃ کے نام سے شائع کیا ہے جس میں نماز کے تمام مسائل بڑی تفصیل سے پیش کیے گئے ہیں کتاب پر مولانا سید قائم علی صاحب خانی نے نظرِ ثانی فرمائی ہے جس سے اسکی قدر و قیمت میں مزید اضافہ ہوگیا ہے قیمت ۵۰ پیسے

رہنمائے حجاج
حجۃ الاسلام اعلم دوراں جناب آیۃ اللہ سرکار آقائے سید محسن حکیم مدظلہ کے فتاویٰ کے مطابق مولانا سید منظور حسین صاحب نقوی نے یہ کتاب تالیف کی ہے اور امامیہ مشن پاکستان نے اسے بڑے اہتمام سے پاکٹ سائز پر شائع کیا ہے حج کے موضوع پر یہ کتاب اپنی نظیر آپ ہے۔ جو حضرات نعمتِ حج سے متمتع ہونا چاہتے ہیں ان کے لیے یہ کتاب بجد مفید ہے قیمت ۱٫۶۵ روپیہ

اسوۂ حسینی
سرکار سید العلماء علامہ سید علی نقی النقوی صاحب قبلہ مجتہد العصر مدظلہ کی تصنیف جس میں اسوۂ حسینی کے ہمہ گیر پہلوؤں پر سیر حاصل تبصرہ فرمایا ہے۔ تحریر کیف آور اور نہایت وقیع و پرکشش ایسی کتابیں ان لوگوں کے زیرِ مطالعہ ہونی چاہئیں جنھیں واقعات کا بالکل علم نہ ہو اور وہ صدیوں سے گمراہ کیے گئے ہوں۔ اسوۂ حسینی ایسے لوگوں کی چشمِ بصیرت کے لیے سرمہ کا کام دیگی ضخامت ۱۴۴ صفحات گردپوش سے سجا مضبوط جلد قیمت سوا دو روپے۔

رہنمایانِ اسلام
چہاردہ معصومین علیہم السلام کے مختصر حالاتِ زندگی خوبصورت گردپوش مضبوط جلد ضخامت ۱۴۴ صفحات

مجلد قیمت دو روپے صرف

www.khwajataleefansari.com
RekhtaDownload.com

حمائل شریف مولانا فرمان علی ایران میں طبع شدہ ولائتی کاغذ بہترین طباعت اور مستحکم جلد۔ ہدیہ آٹھ روپے

خلافت و امامت مسئلہ خلافت و امامت پر اہل سنت اور شیعہ علماء کے خیالات کا مجموعہ
۸۰۰ صفحات پر مشتمل بہترین کتابت اور عمدہ طباعت
قیمت مجلد دس روپے

تاریخ حسن مجتبیٰ حضرت امام حسنؑ کی حیاتِ طیبہ و اقوالِ حکیمانہ، عبادات و خطبات،
مجلد ۴۸۳ صفحات قیمت آٹھ روپے

اعجاز التنزیل عیسائیت کا مکمل جواب قرآن اور حدیث سے مستند حوالے قسم اول ۶/۳۰ روپے
قسم دوم ۴/۵۰ روپے خوبصورت گرد پوش

الغفاری مصنفہ سید نجم الحسن صاحب کراروی صحابئ رسول اکرمؐ حضرت ابوذر غفاری کی حیاتِ مقدس کا نادر مرقع۔ ۴۰۶ صفحات قیمت مجلد ۵/۵۰ روپے

فتح مبین ڈاکٹر ذاکر حسین فاروقی کی نادر پیشکش محمدؐ و آلِ محمدؐ کی صحیح فتح، خوبصورت و رنگین ٹائیٹل مضبوط جلد قیمت ۴ روپے۔

صحیفہ کاملہ حضرت امام زین العابدینؑ کی ادعیہ کا ترجمہ مفتی جعفر حسین صاحب قبلہ مجتہد العصر ضخامت ۵۰۳ صفحات جلد مضبوط سنہری ڈائیدار سائز ۲۰×۳۰/۸ قیمت دس روپے۔

متعہ اور اسلام سرکار سید العلماء کی تصنیف۔ اس میں نکاحِ متعہ کے معنی علماء شیعہ کی نظر میں۔ فلسفۂ ازدواج جواز و عدم جواز کا معیار قرآنی دلائل و حدیث سے ثبوت
۲۷۲ صفحات گرد پوش طباعت اعلیٰ قیمت تین روپے صرف

المرتضیٰ کلاں ۵۴۳ صفحات پر مشتمل سید علی جعفری ایم اے کی گرانقدر تصنیف۔ باب اول میں حضرت علیؑ کی شخصیت خداوندِ عالم کی نظر میں، باب دوم میں حضرت امیرؑ کی شخصیت رسولِ عالمؐ کی نظر میں، باب سوم میں حضرت امیرؑ کی شخصیت خود اپنی زبانی اور باب چہارم میں حضرت امیرؑ کی شخصیت اصحاب و ازواجِ رسولؐ کی نظر میں قیمت صرف ۳ روپے ۸۲ پیسے

فکرِ انیس عاشقانِ امامِ مظلوم کے لیے یہ کتاب ایک حسین تحفہ ہے۔ میر انیس کے مراثی کا ایک حسین انتخاب جس میں امام حسینؑ کی مدینہ سے روانگی سے لیکر شہادت تک کے تمام واقعات شامل ہیں ضخامت ۲۴۴ صفحات
قیمت صرف تین روپے

الشہید ۳۲۶ صفحات پر مشتمل سید علی جعفری ایم۔ اے کی گرانقدر تصنیف پہلے حصہ میں امام حسینؑ کی شخصیت خداوندِ عالم کی نظر میں، رسولِ اکرمؐ، آلِ رسولؐ، اصحاب و ازواجِ رسولؐ اور مخلوقاتِ عالم کی نظر میں، دوسرے حصے میں قاتلانِ امامِ مظلومؑ کی حقیقت اور ان کا انجام پیش کیا گیا ہے۔
قیمت صرف ۳ روپے ۶۲ پیسے

ہر قسم کی مذہبی کتابیں خریدنے کیلئے رابطہ قائم کرنیکا پتہ:

مکتبہ امامیہ پاک نگر، اکرم روڈ، لاہور

باہتمام شیخ محمد انور پبلشر، تعلیمی پریس لاہور سے طبع ہو کر دفتر ماہنامہ "پیام عمل" پاک نگر اکرم روڈ لاہور سے شائع ہوا۔

مندرجہ ذیل سرپرست / مربی حضرات کے بقایاجات ادا ہونے پر بصد شکریہ فوٹو شائع کیے جارہے ہیں۔ آپ بھی اپنے بقایاجات ادا فرماکر شکریہ کا موقع بخشیں

سید حامد علی صاحب صفوی مربی ۷۶ء
بہاولپور



سید محمد علی شاہ صاحب مربی ۷۶ء
بہاولپور

ELEVATION